ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ایمرجنسی سروسز کا آغاز

ڈاکٹر فرحانہ نورین کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی میں 24 گھنٹے ڈاکٹرز کی موجودگی یقینی بنائی گئی ہے۔ ایمرجنسی میں ٹراما کیسز، حادثات اور ہنگامی طبی امداد کی تمام سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں خون کی کمی کو پورا کرنے کے لیے بلڈ بینک بھی قائم کیا جا رہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سید ذوالفقار حسین نقوی نے ایمرجنسی کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے دور دراز علاقوں سے مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی کے لیے ایمبولینس سروس کو بھی فعال کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال کی صفائی اور سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے۔

ایمرجنسی کے انچارج ڈاکٹر عمران شاہ نے بتایا کہ پہلے ہی روز 37 مریضوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، جن میں 12 ٹریفک حادثات کے زخمی شامل تھے۔ ان کے مطابق تمام مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

##